यहाँ से काटिए

प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें
TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear Here

**Sl.No.:**

नामांक **Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 23

No. of Printed Pages - 7

# SS-22-Urdu Sah. (D&D)

## SENIOR SECONDARY (D&D) EXAMINATION - 2023
## URDU SAHITYA

Time : 4 : 15 Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لیے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vi) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

(vii) جن سوالات کے ایک سے زائد حصّے ہیں ، ان کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

## (SECTION-A) حصّہ (الف)

**1.** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کو اپنی کاپی میں لکھیے :

(i) آپ کے نصاب میں شامل غالبؔ کا دوسرا خط کس کے نام لکھا گیا ہے؟ **[1]**

(A) نبی بخش حقیرؔ (B) ہرگوپال تفتہؔ

(C) بہادر شاہ ظفرؔ (D) الطاف حسین حالیؔ

(ii) سبق ''روشنائی '' کے مطابق ترقی پسند مصنفین کی کانفرنس کس شہر میں منعقد ہوئی تھی؟ **[1]**

(A) جالندھر (B) امرتسر

(C) پٹیالہ (D) انبالہ

(iii) کنھیا لال کپور کا کون سا سبق آپ کے نصاب میں شامل ہیں؟ **[1]**

(A) کلیم الدین (B) اس آباد خرابے میں

(C) زرد پتوں کی بہار (D) غالبؔ جدید شعرا کی ایک مجلس میں

(iv) ملک راج آنند کی پیش کردہ تجویز کی مخالف کس نے کی؟ **[1]**

(A) سردار جعفری (B) کرشن چندر

(C) فراق گورکھپوری (D) ڈاکٹر عبدالعلیم

(v) آرزوؔ لکھنوی کا پورا نام کیا ہے؟ **[1]**

(A) سید محمد علی (B) سید احمد علی

(C) سید انور حسین (D) سید منوّر حسین

(vi) ''پہلی بارش'' کس شاعر کی غزلوں کا مجموعہ ہے؟ **[1]**

(A) ناصرؔ کاظمی (B) منچندا بانیؔ

(C) جاں نثار اخترؔ (D) معین احسن جذبیؔ

(vii) نظم طباطبائی کب پیدا ہوئے؟ [1]

(A) 1852ء (B) 1853ء

(C) 1854ء (D) 1855ء

(viii) نظم ''روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے'' اقبالؔ کے کس شعری مجموعے میں سے لی گئی ہے؟ [1]

(A) ضربِ کلیم (B) بانگِ درا

(C) بالِ جبریل (D) ارمغانِ حجاز

(ix) آغا حشر کاشمیری کہاں پیدا ہوئے؟ [1]

(A) لکھنؤ میں (B) علی گڑھ میں

(C) میرٹھ میں (D) بنارس میں

(x) کس مصنف کو نواب رائے کے نام سے بھی جانا جاتا ہے؟ [1]

(A) پریم چند (B) نرمل ورما

(C) سرندر پرکاش (D) بلونت سنگھ

(xi) مندرجہ ذیل اسباق میں سے خاکہ کون سا ہے؟ [1]

(A) پودے (B) کلیم الدین احمد

(C) روشنائی (D) اس آباد خرابے میں

(xii) زماں مکاں تھے مرے سامنے بکھرتے ہوئے

میں ڈھیر ہو گیا طولِ سفر سے ڈرتے ہوئے

اس شعر میں ردیف ہے: [1]

(A) زماں (B) بکھرتے

(C) ڈرتے (D) ہوئے

.2 مندرجہ ذیل خالی جگہوں میں صحیح جواب بھر کر جملہ پورا کیجیے:۔

(i) ہاں اتنا جانتی ہوں کہ ________ میں شہر کے کنارے کسی محلّے میں میرا گھر تھا۔ [1]

(ii) مچھر جانتا ہے کہ دشمن کے دوست بھی ________ ہوتے ہیں۔ [1]

(iii) ''پتّوں پر چھڑکاؤ'' کا مصنف ________ ہے۔ [1]

(iv) سبھی بچھڑ گئے دریا سے ________ اُترتے ہوئے۔ [1]

(v) بج رہی ہے ________ کی شہنائی۔ [1]

(vi) جمیل مظہری ________ میں پیدا ہوئے۔ [1]

.3 مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:۔

(i) گم نام پہاڑی کے گیسٹ ہاؤس میں بہت کم سیّاح کیوں آتے تھے؟ [1]

(ii) آپ کے نصاب میں شامل خاکہ کے مطابق کلیم الدین احمد کہاں کے رہنے والے تھے؟ [1]

(iii) سبق ''زرد پتوں کی بہار'' کے مصنف کون ہیں؟ [1]

(iv) گل رنگ دریچوں سے کیا مراد ہے؟ [1]

(v) ''ایشیا جاگ اُٹھا'' کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟ [1]

(vi) زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی [1]
شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی
مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(vii) سبق ''مرحوم کی یاد میں'' مصنف نے مرزا صاحب سے کیا چیز خریدی تھی؟ [1]

(viii) ''جنم دن'' کس زبان کی کہانی کا اُردو ترجمہ ہے؟ [1]

(ix) سبق ''کلرک کی موت'' میں کلرک کا نام کیا ہے؟ [1]

(x) نرمل ورما کی کون سی کہانی آپ کے نصاب میں شامل ہے؟ [1]

(xi) ''سکون کی نیند'' کس نثری صنف سے متعلق ہے؟ [1]

(xii) تخلص کسے کہتے ہیں؟ [1]

## (SECTION-B) حصّہ(ب)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات تقریباً 50 الفاظ میں لکھیے :۔

4. افسانہ ''لمحے''میں ذکر کردہ حسین عورت پیر سے معزور کیسے ہوگئی تھی؟ [2]

5. شفیع جاوید نے اپنے افسانے کا عنوان ''میں وہ'' کیوں رکھا؟ [2]

6. خوجی کا حلیہ بیان کیجیے ۔ [2]

7. راستے میں ڈیرے جمالینے سے شاعر کا کیا مطلب ہے؟ [2]

8. جمیؔل مظہری نے انسان کی ترقی کے سلسلے میں کن رکاوٹوں کا ذکر کیا ہے؟ [2]

9. نظم ''ملک بےسحر وشام''میں شاعر کے لیے کیا یاد رکھنا محال ہے؟ [2]

10. ناول ''بیوہ'' کے ذریعے پریم چند نے ہمیں کیا پیغام دیا ہے؟ [2]

11. ڈراما ''یہودی کی لڑکی'' کے کنہیں دو کرداروں کے نام لکھیے ۔ [2]

12. سبق ''مرحوم کی یاد میں''میں مصنف نے گھر پہنچ کر علمِ کیمیا کی کتاب کا مطالعہ کیوں کیا؟ [2]

13. مکتوب نگاری کسے کہتے ہیں؟ [2]

14. مقطع کسے کہتے ہیں؟ [2]

15. واقعاتی مضمون کسے کہتے ہیں؟ [2]

16. مضمون نویسی میں ''اختتامیہ'' حصّے میں کیا لکھا جاتا ہے؟ [2]

## (SECTION-C) حصّہ(ج)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تقریباً 120 الفاظ میں لکھیے :۔

17. مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے:۔ [3]

توشروع کرتا ہوں نام لے کر اس خدا کا ،جس نے یہ دنیا بنائی۔اُسی خدا کی خدائی میں ایک ملک تھا کہ نام تھا
جس کا ملکِ ہوا' کیونکہ وہاں کے باسی ہواؤں سے ہی اپنی ضرورت پوری کیا کرتے تھے۔اُس ملکِ ہوا کا بادشاہ
جب مرنے لگا تو اپنے جوان بیٹے کو یہ وصیت کی کہ بیٹا اپنے محل کے سارے کمرے کھولنا مگر وہ تالا کبھی نہ کھولنا

جوایک سرنگ کے دروازے پر لگا ہے' کیونکہ اس سرنگ میں آگ' پانی مٹی اور ہوا ایک ساتھ قید ہیں اور یہ ایک ایسا عجوبہ ہے جو ملک ہوا کے باشندوں کی عقل وفہم سے باہر ہے۔

یا

اب پوچھو کہ تو کیوں کہ مسکنِ قدیم میں بیٹھا رہا۔ صاحب بندہ! میں حلیم محمد حسن خاں مرحوم کے مکان میں نو دس برس سے کرایے پر رہتا ہوں اور یہاں قریب کیا بلکہ دیوار بہ دیوار ہیں گھر حکیموں کے اور وہ نوکر ہیں راجہ نرندر سنگھ بہادر والیِ پٹیالہ کے۔ راجا نے صاحبانِ عالی شان سے عہد لے لیا تھا کہ ہر وقتِ غارتِ دہلی، یہ لوگ بچ رہیں۔ چناں چہ بعدِ فتح 'راجا کے سپاہی یہاں آ بیٹھے اور یہ کوچہ محفوظ رہا ورنہ میں اور یہ شہر کہاں؟

مبالغہ نہ جاننا' امیر غریب سب نکل گئے۔ جو رہ گئے تھے 'وہ نکالے گئے۔

**18.** سبق ''بجوکا'' کا خلاصہ لکھیے۔ **[3]**

یا

سبق ''اس آباد خرابے میں'' کا خلاصہ لکھیے۔

**19.** مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے: **[3]**

کھول آنکھ' زمیں دیکھ' فلک دیکھ' فضا دیکھ
مشرق سے ابھرتے ہوئے سورج کو ذرا دیکھ
اس جلوۂ بے پردہ کو پردوں میں چھپا دیکھ
ایّامِ جدائی کے ستم دیکھ 'جفا دیکھ
بے تاب نہ ہو' معرکۂ بیم و رجا دیکھ

یا

مندرجہ ذیل غزل کے اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے:

(i) اولِ شب وہ بزم کی رونق' شمع بھی تھی پروانہ بھی — رات کے آخر ہوتے ہوتے ختم تھا یہ افسانہ بھی
(ii) ہم کو گزری ہوئی صدیاں تو نہ پہچانیں گی — آنے والے کسی لمحے کو صدا دی جائے

20. نظم ''گورِ غریباں'' کا خلاصہ لکھیے۔ [3]

یا

نظم ''یادنگر'' کا خلاصہ لکھیے۔

## حصّہ (د) (SECTION-D)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل تفصیلی سوالات کے جوابات تقریباً 250 الفاظ میں لکھیے :۔

21. قرۃالعین حیدر کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔ [4]

یا

خواجہ حسن نظامی کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔

22. الطاف حسین حالؔی کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔ [4]

یا

ن۔م۔۔راشدؔ کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔

23. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے :۔ [4]

(i) آن لائن تعلیم

(ii) میرا پسندیدہ مصنف

(iii) صفائی کی ضرورت اور اہمیت

✔ ✔ ✔ ✔

DO NOT WRITE ANYTHING HERE